سبق-20

# ہری مرچ

| |
|---|
| حلوہ ، ہلدی ، حصّہ ، حلوائی ، دکان ، لوہار ، وقت |

ایک تھا ہاتھی ! اس کا نام تھا ہلکو۔ ہلکو ہاتھی کو مرچ بہت اچھی لگتی تھی۔ ایک دفعہ کی بات ہے، ہلکو نے ایک ہری مرچ کا پودا دیکھا دیکھتے ہی ہلکو کے منھ میں پانی آ گیا۔بس دیکھتے ہی دیکھتے وہ پورا پیڑ چٹ کر گیا۔

ہری مرچ مزہ میں بہت تیز تھی، جو منھ میں آ گئی تو ہلکو کے بہت ہی مرچ لگی۔ہلکو چنگھاڑنے لگا، ہائے رے بچاؤ! سی سی! ہائے!

ہلکو بھاگ کر نہر پر پہنچا اور بہت سارا پانی پی گیا لیکن مرچ کی جلن پھر بھی کم نہ ہوئی۔



ہلکو کو حلوائی کی یاد آئی، ہلکو نے سوچا اگر تھوڑا حلوہ مل جائے تو مرچ لگنا بند ہو جائے گی۔ ہلکو حلوائی کی دُکان پر پہنچا۔بولا ،حلوائی ! حلوائی ! مجھے تھوڑا سا حلوہ دے دو۔

حلوائی نے کہا دے تو دوں گا لیکن پہلے تم مجھے تھوڑی سی ہلدی لا دو۔ ہلکو ہانپتے کانپتے حشمت کی دُکان پر گیا۔ بولا، حشمت بھائی ! مجھے تھوڑی سی

ہلدی دے دو۔ ہلدی میں حلوائی کو دوں گا، حلوائی مجھے حلوہ دے گا۔

حشمت نے کہا دے تو دوں گا، پہلے تم مجھے لوہار سے ہنسیہ لا دو۔

بے چارہ ہلکو لوہار کے پاس پہنچا۔ بولا، لوہار بھائی ! لوہار بھائی! مجھے ایک ہنسیہ دے دو۔ ہنسیہ میں حشمت کو دوں گا ، حشمت مجھے ہلدی دے گا ، ہلدی میں حلوائی کو دوں گا، حلوائی مجھے حلوہ دے گا۔

لوہار نے کہا دے تو دوں گا، پہلے تم میرا حقہ بھر دو۔ ہلکو نے لوہار کا حقہ بھر دیا، لوہار نے ہلکو کو ہنسیہ دے دیا، ہنسیہ لے کر وہ حشمت کے پاس پہونچا، حشمت نے ہنسیہ لے کر ہلکو کو ہلدی دی، ہلدی لے کر ہلکو حلوائی کے پاس پہنچا، حلوائی نے ہلدی لے لی اور بدلے میں ہلکو کو حلوہ دے دیا۔

ہلکو نے جھٹ حلوہ کھا لیا۔ حلوہ کھاتے ہی مرچ لگنا بند ہو گئی۔ تھوڑے وقت کے لئے کو بہت اچھا لگا۔ مگر تھوڑی ہی دیر بعد اُسے مرچ کی یاد ستانے لگی۔



مشق اور سوالات

1۔ ہلکو بھاگ کر نہر پر کیوں گیا؟

2۔ ہلکو کو مرچ لگنا کیوں بند ہو گئی؟

3۔ ہلکو کتنے لوگوں کے پاس گیا؟

4۔ خالی جگہ پُر کیجیے۔

ہلکو کے منہ میں .......... آ گیا۔

جلن پھر بھی .......... نہ ہوئی۔

بھائی مجھے ایک .......... دے دو۔

حشمت مجھے ایک .......... دیدوں گا۔

5۔ (الف) نیچے لکھی ہوئی چیزوں کو گن کر بتاؤ کہ وہ کتنی ہیں؟

مرچ، حلوہ، ہلدی، ہنسیہ، حقہ،

(ب) کتنے نام ہوئے، گن کر لکھو۔

ہلکو، حشمت، حلوائی، لوہار۔

6۔ دیکھیے اور لکھیے۔

(الف) ''ہ'' کتنی طرح سے لکھی جاتی ہے۔

(ب) ''ح''، اور ''ھ'' سبق میں جہاں جہاں آئی ہو اس پر گولا لگاؤ۔

7۔ (الف) ہاتھی تم نے دیکھا ہے اپنی کاپی پر اس کی تصویر بنایئے۔

(ب) ہنسیہ کی شکل بنا کر دکھایئے

8۔ (الف) تم کن چیزوں کو بہت جلد چٹ کر جاتے ہو۔

..........

..........

(ب) بتاؤ تم مرچ کھانا پسند کروگے یا حلوہ؟

9۔ کہانی پڑھ کر لکھو کس نے کس سے کہا

1۔ تم میرا حقہ بھر دو......

2۔ مجھے تھوڑی سی ہلدی دے دو......

3۔ مجھے تھوڑا سا حلوہ دے دو......

4۔ مجھے ایک ہنسیہ دے دو......

10۔ تصویر دیکھ کر بتاؤ۔

(1) ہاتھی کیوں رو رہا ہے؟

(2) مرچ کھانے کے بعد ہاتھی بھاگ کر کہاں جا رہا ہے؟

(3) حلوائی سے ہاتھی کیا کہہ رہا ہے؟

(4) ہاتھی اور لوہار میں کیا بات ہو رہی ہے؟